ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(515)

21.10.24

**بہاولپور(    )ایس پی RIB نوید ارشاد کے احکامات، بہاولپور پولیس نے گزشتہ ایک ہفتہ میں سماج دشمن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 91 ملزمان کو گرفتار کرلیا، منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 16 جبکہ مجرمان اشتہاریوں اور عدالتی مفروران سمیت75 ملزمان گرفتار کئے گئے۔ بہاول پور کو منشیات سے ہرصورت پاک کیا جائے گا،ایس پیRIB**

تفصیلات کے مطابق بہاول پور پولیس نے گذشتہ ہفتے کے دوران مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیوں میں کیٹگری A کے 17 کیٹگری B کے 53 اشتہاریوں سمیت 70 مجرمان اشتہاری جبکہ 05عدد عدالتی مفروران گرفتار کر لیے۔اسی طرح ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے 08عدد پسٹل 30 بور، 02عدد ریوالور اور 01عدد کاربین برآمد کی۔جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو400 گرام چرس، 110 گرام کرسٹل آئس اور 85 لیٹر شراب برآمد کیں۔ایس پی RIB نوید ارشاد نے ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تا کہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جا سکے۔منشیات فروشی ایک لعنت ہے۔جس کو معاشرے سے ختم کر کے ہی دم لیں گے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور:ایس پی RIB نوید ارشاد کے احکامات، بہاولپور پولیس نے گذشتہ ایک ہفتہ میں سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری مہم کی پراگرس رپورٹ جاری کردی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((516

21.10.24

**بہاولپور(        )ایس پی RIB نوید ارشاد کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 35 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ایس پی کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ایس پی RIB نوید ارشاد**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ایس پی RIB نوید ارشاد نے روزانہ کی بنیاد پر ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کے دوران 35 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ایس پی RIB نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ایس پی RIB نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ایس پی نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ایس پی RIB نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ایس پی RIB نوید ارشاد ڈی پی او آفس میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں